رُوحانی سائنس

Herimetic Science

مصنف

حافظ زاہد محمود سلامتپوری

کتب خانہ شانِ اسلام

راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور

فون 042-7351120

اللہ اکبر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم○ ط

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم ط

الحمد للّٰہ ربّ العٰلمین و العاقبۃ للمتّقین والصّلوٰۃ والسّلام علیٰ رسولہ الکریم محمّد وّ اٰلہٖ و اصحابہٖ ازواجہ اجمعین ط

ہر شے جو ظاہر پہلو رکھتی ہے اپنا باطنی پہلو بھی رکھتی ہے۔ عملیات کو ہمارے بزرگوں نے فن کا درجہ نہیں دیا۔ محض مخلوق خدا کی خدمت قرار دیا ہے اس لئے یہ باتیں عام نہ ہو سکیں۔ ورنہ یہ بجائے خود ایک کامل فن ہے۔ اور دنیا کے تمام علوم پر حاوی ہو جانے کی طاقت رکھتا ہے۔ روحانیت کے بزرگ جس زمانہ میں بھی ہوئے ہیں عام مخلوق سے برتر و ممتاز تھے۔

انسانی فطرت کا خاصہ ہے جب تک کوئی امر اس کے ذاتی تجربہ میں نہ آ جائے اور اس کی فہم و ادراک کی قوت سے بالاتر ہو۔ وہ اس کا انکار کرتا ہے۔ اس طرح بعض واہی انسان اور روشن خیال طبقہ روحانیت اور اس کے تمام معجزات سے سراسر انکار کرتا ہے۔ ذرا چشم بصیرت کی ضرورت ہے۔ تمام حال آئینہ کی طرح عیاں ہو جائے گا۔ انسان تین باتوں سے کامل کیا گیا ہے۔ خیال، الفاظ اور وقت، انہی تین چیزوں کی تہہ پر تحقیق کر ان سے کام لینا اور قدرت کے اصول و قواعد کو پانا روحانیت تک لے جاتا ہے۔ موسم کے تغیرات سے فصلوں کی پیدائش اور وقت کی تاثیر تمام دنیا پر اثر رکھتی ہے۔ چاند کی روشنی سے سمندروں کا مد و جزر ہوتا ہے اس سے کس کو انکار ہے۔ عملیات اپنے اندر حیرت انگیز اثر رکھتے ہیں۔ اس کتاب میں حتی الامکان شرح و بسط کے ساتھ نوادرات کا خزانہ

ضروری ہدایات

۱۔ عامل کو چاہئے کہ عمل شروع کرنے سے پہلے عمل کی جملہ شرائط پوری کرے۔ خود عبادت، اکل حلال، صدق مقال اور صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو۔

۲۔ آیات کو صحیح کرنے کے لئے کسی حافظ قرآن کی مدد لیں اور جو اسماء الٰہی، آیات، سورۂ شریف ہوں ان کی زکوٰۃ ادا کریں۔ پھر عمل کام دیں گے۔

۳۔ فلاں بن فلاں کی جگہ نام حاجت مند اور اس کی والدہ کا نام لکھیں یا پڑھیں۔

۴۔ عملیات میں خوش اعتقادی، یقین کامل اور اعتقاد واثق ہونا چاہئے۔ مکمل ترکیب ہر حال میں یقینی ہر اثر پیدا کرے گی۔

۵۔ کسی کامل بزرگ یا عامل سے اجازت طلب کر کے عمل شروع کریں۔

۶۔ ناجائز طور پر عمل سے کام لینے میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس لئے مقاصد اپنے ہوں یا کسی دوسرے کے جائز ہونے چاہئیں۔

۷۔ بغیر حصار کے کبھی عمل مت کریں۔

6

برائے حصولِ رزق

اس عمل کو کبریت احمر کہیں تو بے جا نہ ہوگا۔ جو شخص بے روزگار ہے۔ مفلسی میں گرفتار ہے۔ قرض نے پریشان کر رکھا ہے۔ کاروبار رک گیا ہے۔ غرضیکہ کسی وجہ سے دنیاوی مصائب مالی نے اس کو گھیر رکھا ہے تو وہ ذیل کا عمل کریں۔ حریص کے لئے یہ عمل نہیں جو ضرورت سے زیادہ خرچ کر کے ترقی کی دھن رکھتا ہے۔ بلکہ نادار اور لاچار شخص کے لئے ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے۔

نوچندی جمعرات کو بعد نمازِ عشاء غسل کریں۔ خوشبو لگائیں اور ایک سفید سوٹ نیا پہنیں۔ علیحدہ تنہائی کی جگہ یا علیحدہ کمرہ جو صرف اسی کام کے لئے مخصوص ہو اور اس میں ۴۰ دن کوئی اور نہ آئے۔ سرنگار ہے۔ مصلے پر بیٹھ جائیں۔ نماز عشاء ادا کریں اور وتر پڑھنے سے قبل یہ عمل شروع کریں۔

اوّل۔ ۷۲ دانوں کی تسبیح اصلی موتیوں کی بنوائیں۔

دوئم۔ اگربتیاں سلگائیں دوئم بخور لوبان، صندل کا روشن کریں پھر عمل شروع کریں۔

پہلے درود خضری ۴۱ مرتبہ پڑھیں پھر اسم یا باسط کی ۷۲ تسبیح پڑھیں۔ جب بھی یا باسط کی تسبیح مکمل ہو جائے تو ایک بار ذیل کا درود شریف بھی پڑھیں پھر اگلی تسبیح پڑھیں۔

درود شریف

اللّٰھمّ صلِّ علٰی محمّد و علٰی آل محمّد ؐ بعدد انواع الرّزق والفتوحات و علٰی آل محمّد وّ بارک وسلّم یا باسط الّذی یبسط الرّزق لمن یّشآء بغیر حساب ابسط علیّ رزقا واسعا متّسعا بلا محنۃ وّ بغیر منّۃ خلق بحق یا باسط۔

یہ عمل ۷۲ کالے چنوں پر پڑھیں۔

جب عمل مکمل ہو جائے تو آخر میں درود خضری ۳۱ مرتبہ پڑھیں۔ اس عمل کو ۷۲ دن با پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ چنے روز جا کر دریا یا نہر میں ڈال دیں۔

پھر عشاء کے وتر اور نفل پڑھ کر نماز پوری کریں۔ عمل کے دوران کسی کو معلوم نہ ہو کہ کیا پڑھا جا رہا ہے۔

نماز پڑھنے کے بعد خلوصِ دل سے خشوع و خضوع سے رزقِ حلال کے لئے دعا کریں۔ انتہائی عاجزی سے خدا سے دعا مانگے۔ اگر تمہارے دل میں سوز، آنکھوں میں حقیقی طلب کے آنسو ہوں گے تو قدرت سات دن میں

رزق کے دروازے کھول دے گی اور غیب سے سامان پیدا ہوں گے۔ اور قدرت کے انعاموں کا عامل حقدار ہو گا۔ بعدازاں عمل ایک ایک تسبیح مداومت کے طور پر کریں تو عمل قابو میں رہے گا۔

رجوعِ خلق (عمل سورۃ المزمل)

یہ عمل اس مقصد کے لئے کیا جاتا ہے کہ کوئی شخص دوسرے کی غیبت سے خلق کی نظروں میں گر گیا ہو اور دوسرے کو عروج حاصل ہو گیا ہو۔ اب مقصد یہ ہے کہ خلق اس کی طرف سے پھر کر میری طرف مائل ہو جائے۔ اس مطلب کے لئے یوں کرو۔

نوچندی جمعرات کو قبل از نماز فجر اٹھو اور غسل کر کے پاک سفید رنگ کا لباس پہنو۔ نماز تہجد ادا کرو پھر عطر لگا لو اور علیحدہ کمرے یا تنہائی میں جا کر یہ عمل شروع کرو۔

۱۔ پہلے درود خضری اکتالیس مرتبہ پڑھو۔

۲۔ پھر ایک سو گیارہ مرتبہ مدد میری یا رسول اللہ پڑھو۔

۳۔ پھر سورۂ مزمل شروع کر دیں۔ جب "و تبتل الیه تبتیلاo" پر پہنچیں تو چودہ مرتبہ پڑھیں۔

الوہاب ذوالطول روزی برائے فروغ شود

پھر جب "رب المشرق والمغرب لا اله الا هو فاتخذه وكيلا" پر پہنچیں تو تین بار پڑھیں۔

اس کے بعد "یبتغون من فضل اللّٰه" کو تین بار تکرار کریں۔

بعدازاں "واستغفر اللّٰه ان اللّٰه غفور رحیمo" کو تین بار تکرار کریں۔ اور سورۂ شریف پوری کریں۔

اس طرح اکتالیس بار روزانہ اکتالیس یوم تک روزانہ یہ عمل کرنا چاہئے۔ عمل پورا ہو جائے گا۔ دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ دوران عمل موکلات یا کئی دفعہ مختلف شکلیں نظر آتی ہیں۔ ان سے خوف نہ کھائیں۔ بعد چلہ یہی سورۂ شریف گیارہ مرتبہ بطور وظیفہ پڑھیں۔ بے حد فتوح ہوگی۔ تمہارے در پر ہزاروں آدمیوں کا جمگھٹا لگا رہے گا اور راہ چلتے وقت سینکڑوں اشخاص کی نظریں تمہارے جلو میں ہوں۔ ہر طرف تمہارا استقبال ہوگا۔ غیب سے رزق کے خزانے عامل پر کھل جائیں گے۔ ہر مقصد حاصل ہوگا۔ تسخیر اور آمدن کے لئے خاص عمل ہے۔

"وکیلا" پر پہنچے تو تین بار پڑھے۔

بسم اللّٰه یا ربی لا اتخذه وکیلا من کل وکیلا بحق یا وکیلا

پھر مقصد کا سوچے، پھر آگے پڑھے۔

تسخیر کامل

یحبونھم (نام طالب معہ والدہ) کحبّ اللّٰہ والذین آمنوا اشدّ (نام مطلوب معہ والدہ) حبّا للّٰہ بحق ربّ انّی مغلوب فانتصر ۝ط

اوّل ان آیات کا چلہ کریں۔ گیارہ دن تک جس کی ترکیب یہ ہے۔ چلتے پانی کے قریب بیٹھ کر منہ مشرق کی طرف کریں اور سات دن تک گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ (۱۱۳۶۴) مرتبہ پڑھیں۔ باقی چار دن گیارہ ہزار تین سو تریسٹھ (۱۱۳۶۳) مرتبہ پڑھیں۔ جملہ سوا لاکھ کی تعداد پوری ہوئی۔

بعد فراغت چلہ سو مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ چلہ با پرہیز کریں۔

نافرمان محبوب گیارہ حد اکیس دن میں حاضر ہو کر اطاعت کا دم بھرتا ہے۔ ان اصحاب کے لئے ہے جن کے کسی آدمی کی نفرت کی وجہ سے کام رک گئے ہوں۔ کوئی نکاح جائز کے لئے نہ مانتا ہو۔ جس کام کے لئے پڑھیں گے فوراً سرانجام ہوگا۔ ایک کنجی آپ کے ہاتھ آ گئی۔ بس یہی کافی ہے۔

دوگانہ جلالی برائے دشمن

ماہ قمری کے آخری ۱۲ دنوں میں یہ عمل کیا جاتا ہے۔

اوّل رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ الم نشرح دس مرتبہ پڑھیں۔ دوسری رکعت میں سورۂ الم ترکیف دس مرتبہ پڑھیں اور بعد سلام سورۂ تبت یدا اسی (۸۰) مرتبہ پڑھیں۔ پھر یہ کلمہ ۱۲۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

یا بدیع العجائب با لقھر فلاں بن فلاں یا بدیع

مگر یاد رہے کہ دشمن کی حالت زیادہ خراب ہو تو عمل ترک کر دیں ورنہ ہلاک ہو جائے گا۔ اور خواہ مخواہ خون تمہاری گردن پر ہوگا۔ سیف برہنہ عمل ہے۔ مگر جہاں شریعت اجازت دے وہاں کریں۔ ناحق کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ عامل بری الذمہ ہے۔

(شرائط چلہ تسخیر کامل کی طرح ہے) لیکن زوال قمر پر کیا جاتا ہے۔ آخری منگل کو شروع کریں)۔

9

بستہ کرنے کا عمل

بعض مرد یا عورتیں فعل حرام کی مرتکب ہوتی ہیں جن کی وجہ سے خاندان کی عزت بھی برباد ہوتی ہے اور ان کی زندگی بھی تاریک ہو جاتی ہے۔ یا بعض عورتیں اپنے خاوندوں کو چھوڑ کر یا مرد اپنی عورتوں کو چھوڑ کر غیر جگہ خواہشات پوری کرتے ہیں۔ اُن کی اصلاح کرنے کے لئے سزا و نصیحت کام نہیں دیتی جب کہ وہ خود ارادہ نہ کریں۔ اس لئے ایک عمل بتاتا ہوں۔

ایک تالا دیسی لائے۔ اوّل نام اگر مرد ہے تو یوں لکھیں۔

۱۔ بستم ذکر فلاں بن فلاں بر فرج (نام عورت معہ والدہ)

اگر عورت ہو تو لکھو۔

۲۔ بستم فرج فلاں بن فلاں بر ذکر (نام مرد معہ والدہ)

پھر عمل لکھیں سرخ کاغذ پر یا نیلے پر۔

۳۔ یا قاهر ذالبطش الشديد انت الذی لا يطاق انتقامه.

مثال

۱۔ بستم ذکر قاسم بن حوا بر فرج ہما بن حوا

۲۔ یا قاهر ذابطش الشديد انت الذی لا يطاق انتقامه.

ان کو بسط کر کے امتزاج دیں۔

۱۔ ب س ت م ذ ک ر ق ا س م ب ن

۲۔ ح و ا ق ا ھ ر ذ ا ل ب ط ش ا ی ا

جیسا۔ قہما۔ ذکر۔ رزقا۔ السب۔ مطبش۔

ح وا ب ر ف رج ھ ما ب ن ح وا

ل ش د ی د ان ت ال ذ ی ل ا ی ط

ناحل۔ وشاد۔ بیاد۔ فاران۔ جتہا۔ ملاذ۔ جنل۔ طاوی۔ اط

بقیہ آیت جوڑ لیں۔

اق ان ت ق ام و

اق الق امہ

ان الفاظ کو اوپر سے نیچے جوڑ کر لکھا۔ یہ مکمل ہوئے تو باقی آیت کے الفاظ کو جمع کر کے جوڑ کر طلسم بنالیا۔

اطاق . انتق = اجہدط = بیسا . تقما . ذتکر

4 ۹۸۰	9 ۹۸۵	2 ۹۷۷
3 ۹۷۸	5 ۹۸۱	7 ۹۸۳
8 ۹۸۴	1 ۹۷۶	6 ۹۸۲

جو طلسم بنا اس کو نقش کے اردگرد لکھو۔ پھر لکھو "اللّٰھم فرق فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں" پھر یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کر کے اور تعویذ تالے کی جوف میں رکھ کر تالا لگا دیں۔ پھر اس کو موم میں بند کر کے تعویذ نہر کے کنارے دفن کر دیں۔ پھر دیکھیں غیب سے کیا ظہور ہوتا ہے۔

سورۂ اخلاص

سورۂ اخلاص محبت کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ مگر اس کی زکوٰۃ لازم ہے۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ سورۂ اخلاص ۳۱۲۵ مرتبہ نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشا پڑھا کرے۔ بخور لوبان اور صندل سفید جلائیں۔ پرہیز جلالی و جمالی اولین شرط ہے۔ اعداد سورۂ اخلاص ۱۰۰۲ ہے۔

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم. قل ھو اللّٰہ احد یا ودود بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم اللّٰہ الصّمد یا ودود بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم لم یلد یا ودود بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم ولم یو لد یا ودود بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم ولم یکن لہ کفوا احد یا ودود.

بعد از چلہ ایک سو مرتبہ بطور وظیفہ پڑھیں تو عمل قابو میں رہے گا۔ جب کسی کو مخاطب کرنا ہو تو گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دیں اور زبان سے کہیں کہ اس کو لاگ۔ پھر اس سے پیچھا چھڑانا

11

مشکل ہو جائے گا خواہ وہ جانور ہی کیوں نہ ہو۔ عطر دم کر کے جس کے سامنے جائیں گے آپ کو پیر مرد تصور کر کے خود جگہ دے گا۔ پھر سال میں ایک دفعہ ۹ محرم کو پڑھ لیا کریں۔ اس کی زکوٰۃ اصغر یہ ہے کہ سورج گرہن یا چاند گرہن میں ۵ تسبیح پڑھ لیا کریں۔

سورۂ فاتحہ

برائے حاجت ✓ گرہن میں ۴۱ بار

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم الحمد للّٰہ ربّ العٰلمین یا بدیع ۝ [1]

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم الرّحمٰن الرّحیم یا بدیع ۝ [2]

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرحیم ملک یوم الدین یا بدیع ۝ [3]

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرّحیم ایاک نعبد و ایاک نستعین یا بدیع ۝ [4]

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم اھدنا الصراط المستقیم یا بدیع ۝ [5]

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم صراط الذین انعمت علیھم یا بدیع ۝ [6]

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم غیر المغضوب علیھم والا الضّالین یا بدیع ۝ [7]

کوئی حاجت پوری نہ ہو تو نماز فجر کی سنت پڑھ کر یہ عمل ۷۰ مرتبہ اوّل آخر درود خضری پڑھیں پھر فرض پڑھیں۔ پھر ہر روز ۱۰ کم کر کے ۱۰ تک پڑھیں۔ اگر حاجت پوری ہو گی تو ٹھیک ورنہ روز دس بڑھاتے جائیں اور ستر تک آ جائیں۔ ہر جائز حاجت پوری ہو گی۔

زکوٰۃ عمل

شروع چاند نوچندی جمعرات کو فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان روزانہ ایک آیت ۷۰ مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود خضری پڑھیں۔ ۷ دن میں زکوٰۃ اصغر ادا ہو گی۔

مداومت کے لئے روز سات مرتبہ سورۂ شریف اوّل آخر ۷، ۷ مرتبہ درود خضری پڑھیں۔ زکوٰۃ اکبر کسی بھی گرہن میں ۴۱ مرتبہ سورۂ شریف اول آخر درود خضری ۷، ۷ مرتبہ پڑھنے سے زکوٰۃ اکبر ادا ہو جائے گی۔

اصلاحِ اخلاق

✓ ۱۱ دن کا عمل

اگر کسی کی بیوی بدزبان ہو یا شوہر بدزبان ہو۔ لڑائی جھگڑا رہتا ہو یا بچے قابو سے باہر نکل جائیں۔ اس کی

فرمانبرداری کے لئے ذیل کا عمل کریں۔

الھی بحرمت والارض فرشنھا فنعم المھدون بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

عشاء کے وتر پڑھنے سے قبل ۳ تسبیح اوّل و آخر ۱۱،۱۱ مرتبہ درود ہزارہ پڑھیں۔ گیارہ دن عمل کریں۔ اگر کوئی چیز دم کر کے کھلا سکتے ہوں تو نمک دم کر کے کسی چیز میں ملا کر گیارہ دن پڑھ کر کھلا دیں۔

زبان بندی

اس عمل کو بدھ کے دن نیلے کاغذ پر لکھ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بائیں بازو میں باندھ لیں۔ جس کے سامنے جائیں گے بدگو کی زبان بند ہو جائے گی۔ وہ کچھ نہ بول سکے گا۔ ان آیات کو سورج نکلتے ہی لکھیں۔

بحق اشھد ان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بستم زبان کل مخلوق فی حق فلاں بن فلاں۔

اس نقش کو گرہنی میں سکے کی لوح پر لکھ کر پاس رکھنے سے تمام بدگوؤں کی زبان بندی ہوتی ہے۔

استخارہ مجرّب

۱۔ الٓمّٓ (فلاں کام) کی خبر دیو ایاک نعبد و ایاک نستعین٥

استخارہ انعامی چانس

۲۔ یا خبیر اخبرنی من کلّ اسرار الغیب۔

استخارہ انعامی بونڈ

۳۔ یا خبیر اخبرنی بے خبرے دی خبر دیو۔

کوئی بھی استخارہ ہو۔ سات تسبیح پڑھیں۔ اوّل آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود ہزارہ پڑھیں۔ باقی کامل نام اللہ کا ہے۔

منتر حب

بسم اللہ یا اللہ یاربّی لا اخذہ وکیلا من کلّ وکیلا بحق یا وکیلا لا الہ لیا دے الا اللہ ملادے لا الہ زور کریا یا شاہ مدار فلاں بن فلاں کو حاضر کر۔

اوّل اس منتر حب کی زکوۃ چلتے پانی کے قریب بیٹھ کر ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھیں۔ ۴۰ دن میں سوالا کھ زکوۃ ہو گی۔ پھر عمل کام دے گا۔

اوّل ۷ عدد موم بتی جلالیں۔ دوم ۷ عدد اگر بتی سلگائے۔ سوم۔ ایک عدد کانٹا لے کر اس کے آگے سوئی لگائے۔ پھر سوئی کو ہر موم بتی کی لو پر رکھ ۷ مرتبہ پڑھیں۔ کل ۴۹ مرتبہ ۷ دن پڑھیں، محبوب حاضر ہوگا۔ اس کے توڑ کے لئے ۲۱ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں۔ محبوب کو سکون ہوگا۔

منتر حُبّ

بسم اللہ تے بس چلے درست کر وایمان۔ بسم اللہ کہ کھولے یا حی نبی قرآن۔ یا حی نبی قرآن جیل آگے

14

ترلے نبی منتر جبرائیل خبر سائیں سے کی نہیں کرت مختی آپ کی ایک گھڑی کومت بھول۔ دوست نبی رسول سے حضرت بڑے بڑے مقبول استادوں کی شکر لے جھنڈارے ورتائی اماموں کا نیزہ کل عالم پر چھایا۔ واج وجاوت تے گاوت ہے نوح سندھ لاگ وی آوت ہے عمر شمر حنکارے میں حضرت علی کمبھ ٹھوکرت اس اکھاڑے میں۔

یہ عمل حب کے اعمال میں زبردست ہے۔ مجھے یہ عمل ایک مسلمان فقیر سے ملا تھا۔ میاں بیوی کی محبت کے لئے شکر پر دم کرکے دیا جاتا ہے۔ جو آدمی شکر کھالیتا بے دام غلام بن کر محبوب کے حضور حاضر رہتا۔ لیکن اس کو وہی کرسکتا ہے جو ہمت والا اور بڑے دل کا مالک ہو۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اپنی ہمت کے مطابق بچوں کو شکر بانٹ دیں۔ دوران عمل ڈر اور خوف بہت آتا ہے۔ ایک شیر تو عموماً آجاتا ہے اور ڈراتا ہے۔ ایک دوست نے یہ عمل کیا تو چند چیزیں آدمیوں کے روپ میں ڈرانے آگئیں لیکن وہ ڈرا نہیں، کامیاب ہوگیا۔ یہ ڈر اور خوف کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ ہاں اگر خود ہی ڈر گیا تو پھر یا مر جائے گا یا پاگل ہو جائے گا۔ چاہئے کہ اپنے اردگرد حصار کرلیں تاکہ دل کو اطمینان رہے۔ پڑھنے کی تعداد۔

پہلے دن ایک تسبیح، دوسرے دن دو تسبیح۔ اس طرح روز ایک تسبیح بڑھاتے جائیں۔ گیارہ دن کا عمل ہے۔ اس کے بعد آپ عامل ہو جائیں گے۔ ایک چٹکی شکر پر گیارہ دفعہ عمل پڑھ کر دم کرکے محبوب کو کھلا دیں۔ پھر دیکھیں عمل کا کرشمہ۔

منتر بیمار کے واسطے

عبداللہ کے بیٹے۔ آمنہ بی بی کے جائے۔ بھاگ رے بیماری (فلاں) حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر آئے۔

اس عمل کو کسی گرہن میں ایک سو گیارہ مرتبہ مداومت وظیفہ کرئے۔ ہر بیماری کے لئے مجرب ومفید ہے۔ اس عمل کی زکوٰۃ آخری پنج شنبہ کو بھی پڑھ کر دی جاتی ہے۔ یہ زکوٰۃ اصغر ہوگی۔

نادِ علی

نادِ علیاً مَظہر العجائب یا کاشف الغرائب تجدہ عونا لک فی النوائب کلَّ ہمّ وَغمّ سینجلی بعظمتک و بجلالک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم بنبوّتک و بعزّتک یا محمّد یا

مزمّل یا مدثّر بولایتک و بقدرتک یا علیؑ یا علیؑ یا علیؑ جل جلالک ادرکنی فی سبیل اللہ مدد بحق مہتر سلیمان بن داؤد علیہ السّلام برحمتک یا ارحم الرّاحمینؐ

۱۔ اول آیت الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر درود تاج سات مرتبہ پڑھیں۔ پھر ناد علی ایک سو دس مرتبہ پڑھیں۔ پھر یا حفیظ ۹۹۸ مرتبہ پڑھیں۔ پھر درود تاج سات مرتبہ پڑھیں۔ پھر آخر میں آیت الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل کسی بھی گرہن میں پڑھ لیں۔ ہر قسم کے جادو، آسیب، حاضرات کے لئے مفید عمل ہے۔

۲۔ دوئم: اس عمل کو سوالاکھ مرتبہ پڑھ لیں۔ پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ جتنے دنوں میں مرضی صبح و شام اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے پڑھتے رہیں اور کوئی خاص قیود نہیں۔

۳۔ باقی جملہ فوائد ناد علی کے فقرنامہ امام جعفر صادق کے مطابق ہیں۔ لیکن یہ عمل آج تک صرف سینہ بسینہ ہی منتقل ہوتا رہا ہے۔

منتر دشمنی

زکوٰۃ سوالاکھ بار

ایسے اعمال ان دو افراد کے لئے کئے جاتے ہیں جو حرام کاری کے مرتکب ہوتے ہیں، ان میں جدائی ڈلوانے کے لئے مفید ہے۔ ناجائز استعمال کرنے والے اس کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ عامل اس بارے بری الذمہ ہے۔

قہرتے قہر ڈنڈا وتے بے شمار بندہ روکے تاں بندے تاں یا علی یا علیؑ۔

پہلے اس منتر کی زکوٰۃ سوالاکھ مرتبہ پڑھیں۔ جب زکوٰۃ ادا ہو جائے تو جن دو شخصوں کی عداوت میں مطلوب ہے تو ایسا کرے کہ جس جگہ مرغوں کی لڑائی کرائی جائے وہاں کی مٹی اٹھا کر جمع کر لیں۔ جب کبھی ضرورت ہو تو مٹی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک چٹکی طالب پر ایک مطلوب پر پھینک دیں۔ محبت کی زنجیریں پگھل جائیں گی۔ محبت ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جائیں گے۔ اس کا بار اس شخص پر ہوگا جو ناجائز طور پر یہ عمل کرے گا۔ مصنف اس بارے اور جو عمل دوسرے ہیں جو ناجائز کرے گا اس سے بری الذمہ ہے۔ یہ اعمال محض بھلائی کے لئے ہیں نہ کہ برائی کے لئے۔

مُندرا

چلہ کبیر: فقیروں کے سینہ کے راز کو طشت از بام کر رہا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ چیز دنیا کی کسی کتاب

میں آپ کو نہیں ملے گی۔ طریقہ اس کا یہ ہے۔ اول اپنے گرد حصار کر لیں۔ ۴۱ یوم تک روزانہ ۹۴۱ مرتبہ پڑھیں
مسلمانوں کی قبروں پر بیٹھ کر چلہ پورا کریں۔ اس کے بعد اکتالیس یوم خاکروبوں کی قبروں میں بیٹھ کر ۱۴۱ مرتبہ
روزانہ پڑھ کر دوسرا چلہ کریں۔ اس طرح تیسرا چلہ نہر یا دریا کے قریب بیٹھ کر کریں۔ اس کا عامل ہو جائے گا۔ اس
کے بعد ہر قسم کے آسیب اور نظر بد، جادو وغیرہ کے مریض پر ایک دفعہ پڑھ دیں فوراً آرام ہوگا۔ اگر اس کا تعویذ
کر دینا ہے تو سات رنگ کا دھاگہ لے کر اس پر گیارہ گرہیں لگا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ عمل پڑھتے
اگر ڈر آئے تو دل مضبوط رکھیں، جو ہوگا حصار کے باہر ہوگا۔ اگر کوئی اس طرح عمل نہ کر سکے تو کسی بھی گرہن میں
۱۴۱ بار پڑھ لیں عمل قابو میں رہے گا۔ یہ عمل مجھے ایک امام مسجد سے ملا تھا۔ وہ تو ہر مرض کا علاج اسی سے کرتا تھا۔
بس ایک دفعہ پڑھ لیا دم کر دیا۔ مرض کا نام و نشان ختم۔ بزا زبردست جھاڑ کا عمل ہے جو تمام دم کرنے والے عملوں
کا سرتاج ہے۔ میں نے اپنے مجربات اور سینہ کے رازوں کو فراخدلی سے ظاہر کر دیا ہے تاکہ آپ خود بھی فائدہ
اٹھائیں اور خلق خدا کی خدمت کریں اور مجھ ہیچ مداں کے لئے دعائے خیر کریں۔

مُندرہ

گھر میں ۱۴۱ بار پڑھ لیں
ہر مسئلہ اور ہر حاجت
کیلئے
آسیب جن نظر بد جادو

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

اللہ میرا بادشاہ محمد ہے وزیر
کاف کرو علے دیوانے دستگیر
کٹے گا مصیبتاں توڑے گا زنجیر
مدد میری کرو پیر دستگیر
جبرائیل علیہ السلام میکائیل علیہ السلام
اسرافیل علیہ السلام عزرائیل علیہ السلام
ڈیرے دی کرد رکھوالی وی جبرائیل
پڑھتا ہوں صبح و شام قلندر علے علے لکھاں حق مگر پھر بھی علے علے د
دریا مہربان سمندر علے علے
صدقہ حسن حسین دا کل بلا ٹلی
پیر میرا ظاہرا شیراں دا ولی

منتر رہ پڑھنا حضرت شاہ علے دا جے پہنچے ایس گھڑی

منتر بواسیر

۹ محرم کو زکوۃ دیں

خراثانی کہنے شاہ خوتی بادی دونویں جا

نویں محرم ایک تسبیح پڑھ لیں۔ زکوۃ ہوگی۔ گیارہ مرتبہ روز پڑھیں۔ جب بھی قضائے حاجت سے فارغ ہوں سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ پڑھ کر جائے مقام پر لگائیں۔ بعداز آرام مسجد میں بلب روشن کریں۔

دردِ گردہ

گرہن

و تکون الجبال کالعھن المنفوش (سورۃ القارعۃ)

ان آیات کو کسی گرہن میں ایک تسبیح پڑھ لیں۔ پھر جو مریض تڑپتا آئے اسے ۱۱ دفعہ پڑھ کر تین دم کرے، چنگا بھلا ہو جائے گا۔

حصولِ جاہ و مرتبہ

یا عزیز من کلّ ہر دلعزیز ٥

ایک سو اکیس مرتبہ۔

۱۔ پھر سورۂ قریش ۱۰۱ مرتبہ

۲۔ سورۂ واقعہ ایک مرتبہ

حصول مراد، حصول رزق، مرتبہ و منزلت، خوف سے امن کے لئے مفید ہے۔

قضائے حاجت

3 دن میں پوری ہو

اول دوگانہ پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نحل کی آیت نمبر ۶۲ پڑھیں۔ ۴۰ مرتبہ بعدازاں دوسری رکعت میں آیت ۳۰ مرتبہ پڑھیں۔ پھر آیت الکرسی کو ۳۱۳ مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ جہاں پر آیت یہ آئے اس طرح پڑھیں۔

18

یشفع بحق کھیعص عندہٗ

پھر آگے اس طرح پڑھیں۔

یعلم بحق حمعسق ما بین

اس طرح تعداد پوری کرے۔ یہ عمل تین دن کا ہے۔ ہر جائز تمنا پوری ہوگی۔

تسخیرِ ہمزاد

اول کسی دریا یا نہر پر جا کر یہ عمل شروع کریں۔ جملہ پرہیز جلالی و جمالی ادا کریں اور روحانی پیشوا یا کسی کامل استاد کی زیرِ نگرانی عمل کریں۔

پہلے درود خضری گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر سورۂ جن کی پہلی دو آیات ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عمل ۳۱۲۵ مرتبہ روز ۴۰ دن میں سوا لاکھ مرتبہ پورا کریں۔ ہمزاد حاضر شود ہوگا۔ ناجائز امور میں اس سے کام مت لیں ورنہ جان کی خیر نہیں۔

عمل یہ ہے۔

بسم اللّٰہ اللّٰہ اکبر لا الہ الا اللّٰہُ اے میرے ہمزاز (فلاں) حاضر ناظر ہو محمد مصطفیٰ کے واسطے۔

آخر میں درود خضری گیارہ مرتبہ تھل منداشارہ امت۔

تسخیرِ جناتِ جلالی ۴۱ دن زکوٰۃ

کسی ایسی مسجد کا انتخاب کریں جو دریا کے بالکل نزدیک ہو، نہ ہو تو دریا کے کنارے پر تھوڑی سی جگہ مسجد کی نیت سے صاف کر لیں اور چار عدد فولادی چھریاں لے کر ان پہ ایک ایک بار قل شریف پڑھ دم کر کے چار کونوں میں ٹھونک دیں۔ پھر چاندی کی کیل سے اپنا حصار کریں۔ بخور صندل سفید، ابریشم سفید، ان میں سے جلائیں یا اگربتیاں لگالیں۔ منہ قطب کی طرف ہو۔

پہلے ایک سو گیارہ مرتبہ مدد میری یا رسول اللہ پڑھیں۔ پھر سورۂ جن بغیر بسم اللہ، بغیر اول آخر درود شریف پچاس مرتبہ پڑھیں۔ ننگے سر پڑھیں۔ ۴۱ دن پرہیز جلالی و جمالی سے پڑھیں۔ خلقت سے دور رہیں۔ عمل کا ذکر کسی سے مت کریں۔ روحانی پیر کامل کی بیعت کے بغیر یہ عمل نہ کریں۔ قول و قرار ایسے

19

کریں جس پر آپ پورے اتریں۔

حاضرات بکتانوش

۱۴۱ دن کا عمل ہے

یہ عمل تمام حاضرات کے عملوں کا سرتاج ہے۔ اس کی بدولت احوال چور معہ نام ونشان، احوال گم شدہ معہ نام و پتہ، احوال ماضی و حال معہ سرگذشت، شفاء امراض، ہر قسم کے لاعلاج امراض ودافع آسیب دیو و پری و کیفیت اقالیم وشہر وموضع وصفائی قلب وتوجہ ودفینہ اور حالات محبوب وغیرہ حاصل ہو سکتے ہیں۔

زکوٰۃ عمل

- اوّل درود تاج ۱۳ مرتبہ پڑھیں یا درود ہزارہ ۱۳ مرتبہ پڑھیں۔
- پھر سورۂ ملک ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔
- اور ۳،۳ مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔

علیقا ملیقا۔ انت تعلم ما فی قلوبھم۔ یا بکتا نوش۔ بچہ سلیمان بن داؤد علیہ السلام سوندا پتر جاوے دا حاضر شاہ حضور شاہ۔

پھر آخر میں جو درود اوّل پڑھا آخر میں بھی وہی پڑھے۔ ۴۱ دن کا عمل ہے۔ مداومت ۳ مرتبہ روزانہ ہے۔ اس عمل کے عامل کو ٹیلی پیتھی یا ٹیلی ویژن آلہ کی ضرورت نہیں جو موجودہ سائنس کی ایجاد ہے۔ وہ ہر جگہ کے حالات مکمل ومفصل معلوم کرسکتا ہے۔ معمول ۱۴ سال کا بچہ یا کوئی بھی جوان عورت ہو سکتی ہے۔

عطرِ محبوب

۱۶ دن میں زکوٰۃ دیں

اللہ اللہ میں کہوں اللہ خود موجود

مجھ سے ہر ایسے ملے جسے یوسف سے یعقوب

بحق واللہ المستعان علی ما تصفون۔

اوّل بازار سے عطر تیز خرید کر لائے کہ تم سے پہلے عطر کوئی اور نہ لے کر گیا ہو۔ اس کو سونگھنا نہیں۔ نوچندی جمعرات کو دریا کے کنارے چلے جائیں۔ خواتین گھر میں پاک برتن میں پانی ڈال کر عمل شروع کر سکتی ہیں۔ عمل کی زکوٰۃ ۱۶ دن میں پوری کرنی ہے۔ پہلے ۱۳ دن نو ہزار مرتبہ، آخری دن آٹھ ہزار مرتبہ پڑھیں، سوا لاکھ کی تعداد

پوری ہو جائے گی۔ جب بھی عمل پڑھ لیں عطر دم کر دیں۔ اس کے بعد جس پر ایک قطرہ ڈال دو گے اس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے گا، خواہ وہ جانور ہی کیوں نہ ہو۔ ہمت کریں اور تماشہ دیکھیں۔ اوّل آخر درود تاج ۳۔۳ مرتبہ پڑھیں۔ جلالی و جمالی پرہیز لازمی کرنا ہے۔ روز عمل کی مداومت ایک تسبیح پڑھیں گے۔ عمل قابو میں رہے گا۔

(عمل دستِ غیب)

احب یا جبرائیل یا رفتمائیل یا اسمائیل بحقّ یا وھّاب یا باسط

۴۴۴۴ مرتبہ بعد نماز فجر اوّل آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ خضری۔

۱۱ دن میں ترکیب طلسمی سُرمہ

عمل

یکاد البرق یخطف ابصارھم ط کلّمآ اضآء لھم مّشوا فیہ ٥ (سورۂ بقرہ: ۲۰)

اوّل اس آیت کی زکوٰۃ گیارہ دن میں ادا کرے۔ پہلے سات دن گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ (۱۱۳۶۴) مرتبہ، باقی چار دن گیارہ ہزار تین سو تریسٹھ (۱۱۳۶۳) مرتبہ پڑھیں۔ جملہ سوا لاکھ (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ پورا ہوگا۔ جب بھی کسی کو محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو جو سرمہ تیار ہے اس کو آنکھوں میں لگا کر بلیک چشمہ پہن کر اس کے سامنے جائیں اور چشمہ اُتار دیں کہ مطلوب کی نظر سب سے پہلے آپ کی نگاہوں پر پڑے۔ آنکھیں چار ہوں گی۔ مطلوب ملنے کا مشتاق ہوگا۔ تسخیر کے لئے بھی یہ سرمہ لگائیں۔ ایک عجیب کشش آنکھوں میں پیدا ہوگی۔ جو دیکھے گا محب ہوگا۔ روزانہ مداومت ایک تسبیح پڑھے۔

(حصار) 3 مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں

عملیات میں حصار کی ضرورت ہوتی ہے۔ اعمال کے لئے حصار ایک مضبوط قلعہ ہوتا ہے۔ علاوہ عمل کے سفر حضر میں ہر جگہ آفات اور خطرات سے محفوظ رکھتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حصل کرسی بدل کرسی کرسی دین قرآن جناں نے محمد پڑھیا ثابت رہن ایمان لوہے کا

کوٹ تابنے کا تالا ایک لاکھ ۲۴ ہزار پیغمبر میری جان کا رکھوالا ویکھاں حضرت سلیمان پیغمبر تیری رکھ دا تماشہ۔
۳ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔

طلسمِ جاہ

نوح. آدم. محمدؐ بسم اللہ الرحمن الرحیم ط سلیمان داؤد.

یا اللہ	الالهة	الرفیع	الجلالة
ا ×	۳۰۷	۳۰۹۳	۹۰۹۳
۳۰۹۳	۹۰۹۳	ا ×	۳۰۷
۹۰۹۳	۳۰۹۳	۳۰۷	ا ×
۳۰۷	ا ×	۹۰۹۳	۳۰۹۳

ذوالکفل. الیاس. یونس. موسیٰ.

ادریس. ہود. عزیر. صالح.

[illegible]
ایوب. ذکریا. یحییٰ. عیسیٰ و بندگان خدا خضر و ذوالقرنین

اس طلسم کو شرف شمس و شرف زہرہ سونے کی تختی یا پوست آہو پر لکھ کر بخور صندل سرخ، زعفران کا دیں۔ حسب سابق صدقہ دیں اور لوح ریشمی سرخ کپڑے میں لپیٹ لیں۔ حامل لوح کو ایسا رتبہ ملے گا کہ ہر مغرور حاکم جھکنے پر مجبور ہو جائے گا۔ خلقت رشک کرے گی۔

عمل سورۂ کوثر ۱۱ دن کا عمل

جب کسی دشمن نے ناک میں دم کر رکھا ہو۔ کوئی نصیحت اُس پر کارگر ثابت نہ ہوتی ہو تو ذیل کا عمل چاند کے آخری منگل جب سورج نکل رہا ہو تو ذیل کا نقش چھری سے کوری اینٹ پر لکھیں۔

22

اجہزط

۹۱۷	۹۲۲	۹۱۵
۹۱۶	۹۱۸	۹۲۰
۹۲۱	۹۱۴	۹۱۹

فلاں بن فلاں ابتر دفع شود

اب اس نقش کو نیم کے پتوں کا بخور دو اور سرخ کپڑے میں لپیٹ کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دو۔ ایک نقش لکھ کر سرخ رنگ کے کاغذ پر اس آدمی کی چوکھٹ یا راہ گزر میں دفن کر دو۔

گھر آ کر چالیس نیم کے پتے لو۔ ان پر دشمن کا نام معہ والدہ لکھو۔ پھر نماز عشاء کے بعد یہ عمل اس طرح پڑھو۔

انّآ اعطیناک الکوثر فلاں بن فلاں ابتر ابتر ابتر بحق یا عزرائیل ۝[1] فصلّ لربّک والحر فلاں بن فلاں ابتر ابتر ابتر بحق یا عزرائیل ۝[2] انّ شانئک ھو الابتر فلاں بن فلاں ابتر ابتر ابتر بحق یا عزرائیل ۝

ایک پتے پر ۴۰ مرتبہ دم کر کے جلاؤ۔ اس طرح ۴۰ پتے جلاؤ۔ گیارہ دن کا عمل ہے۔ دشمن کو جو کرنا ہے اس کا تصور رکھو۔ حرام کے لئے اجازت نہیں۔

عمل زبان بندی

یاحرائیل

حرائیل ۱۸۰	حرائیل ۱۸۵	حرائیل ۱۷۸
حرائیل ۱۷۹	حرائیل ۱۸۱	حرائیل ۱۸۳
حرائیل ۱۸۴	حرائیل ۱۷۷	حرائیل ۱۸۲

23

بستم عقل و ہوش و بطن احساس

ظاہری و باطنی مخلوق شہر بن و بنات

دانی حق فلاں بن فلاں

اس نقش معظم کو نیلے رنگ کے کاغذ پر گرہن کے اوقات میں لکھو۔ اس کو چار عناصر سے پر کرو۔ آتش باد آب خاک؟ آتشی نقش کی بتی بنا کر گرہن ختم ہونے سے قبل ہی چراغ میں رکھ کر جلالو۔ گرہن ختم ہوتے ہی ایک نقش قبرستان میں دفن کرلو۔ ایک نقش ہوا میں لٹکا دو۔ ایک دریا میں بہادو۔ ایک نقش موم جامہ کر کے بائیں بازو پر باندھ لو اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھ لو۔

فجر بند، ظہر بند، عصر بند، مغرب عشاء بند، دن بند، رات بند، فلانے کی زبان بند بحق بکم عمی فھم لا یرجعون بحرمت یا حرا کیل۔ اس کو تعویذ کے اردگرد لکھیں۔

یا اس طرح لکھیں۔

بستم فلاں بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں

نوٹ: یہ بھی لکھیں۔ جمعہ بند، ہفتہ بند، اتوار، سوموار بند، منگل بدھ، جمعرات بند۔ رات بند، دن بند، مشرق بند، شمال جنوب مغرب بند، فلاں بن فلاں بند بحق چہل کاف بند۔

راہ بستن مطلوب

لا تنفذون الا بسلطن ۷۸۶ یمعشر الجن

۲۷۹	۲۷۴	۲۸۱
۲۸۰	۲۷۸	۲۷۶
۲۷۵	۲۸۲	۲۷۷

والارض فانفذوا

والانس ان

[illegible]

بستم راں فلاں بن فلاں فی حق فلاں

اگر کسی کا مطلوب شہر سے باہر جانا چاہے اور طالب کو یہ امر ناگوار ہو۔ نیز جس شخص کی عورت میکہ میں
رہے اور سسرال کم ٹھہرے اس کے لئے یہ عمل نہایت مفید ہے۔ اس نقش کو لکھ کر جہاں سے اس کے جانے کا احتمال
ہو اس دروازے میں دفن کردیں۔ خدا کے حکم سے مطلوب باہر قدم نہ رکھ سکے گا۔ یہ آیت سورۂ رحمٰن کی ایک
پڑھ کر نقش دم کردیں۔

عرضی منظور کروانا

اگر کسی آدمی نے کوئی عرضی، خط یا کوئی چیز بذریعہ کاغذ منظور کروانا ہو تو اس کے ایک کونے میں یہ اعداد لکھیں۔

۷۰۷

عرضی منظور ہوگی۔ یہ علم الاعداد کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔

”گاہک پیدا ہوں“ شمس وقمر

بعض مرتبہ اتفاق ایسا ہوتا ہے کہ آدمی گھر سے کوئی چیز خریدنے نکل پڑتا ہے۔ اس جنس کے بازار میں آئے
ہر دوکان پر ایک ہی قیمت، ایک ہی کوالٹی کی چیز نظر آتی ہے۔ لیکن ایک آدھ دوکان ایسی بھی ہوتی جہاں پر آئے
محسوس ہوتا ہے کہ سارے بازار کا رش صرف اسی دوکان پر ہے۔ اور دوکاندار جیسے جنس مفت بانٹ رہا ہے۔
حالانکہ اس کے پاس بھی وہی جنس ہے جو اور دوکانداروں کے پاس ہے۔ لیکن وہی اُسے ایک آدھ روپیہ زیادہ پر
بھی بیچ رہا ہے۔ اور لوگ صرف اسی کے خواہاں ہیں۔ ہے ناں حیرت انگیز؟

اس طرح کا عمل ہاتھ میں آجائے تو وہ بھی کسی دستِ غیب سے کم نہیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے جمعرات
کو معین الدین چشتی اجمیریؒ کی روح کو ایصال ثواب کریں۔ پھر پیر ومرشد کا تصور کریں۔ اگر روحانی پیشوا نہ ہو تو
کسی ولی اللہ کا تصور کرلیں۔ نابالغ بچوں کو کوئی میٹھی چیز بانٹ کر عمل شروع کریں؟

عمل

اول تو چندی جمعرات کو نماز فجر پڑھ کر چھت پر چلے جائیں۔ جب سورج نکل آئے تو سورۂ رحمٰن ایک مرتبہ
پڑھیں۔ اس میں جتنی بار بھی یہ آیت آئے

فبای الا ربکما تکذبن ٥ بحق یا رحمن

25

پڑھ کر سورج کی طرف انگلی سے اشارہ کرے پھر آگے سورۂ شریف کو پڑھے۔ ایک مرتبہ میں مکمل عمل ہوگا۔
پھر رات کو چاند کی طرف منہ کر کے پڑھیں لیکن بحق یا رحمٰن کو ۲۹۷ مرتبہ پڑھ کر پھر آگے شروع کریں۔ ہر آیت پر ۲۹۷ مرتبہ پڑھیں۔ اس طرح رات اور دن کی تعداد یا رحمٰن کی ۲۹۸ مرتبہ ہو جائے گی۔ ۴۰ دن اس طرح عمل کریں، پھر اس کو صرف صبح ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔
رجوع خلق۔ تسلط بر خلق۔ تسخیر خلق۔ میں لاثانی ہے۔ اس عمل کا اثر برسوں عامل کے بعد بھی رہتا ہے۔

شرفِ قمر

یہ عمل عورت یا مرد کی تسخیر کا عمل ہے۔ اس کو شرف شمس و زہرہ کے شرف یا تثلیث و تسدیس زہرہ و مشتری میں بھی کر سکتے ہیں۔

اول نام طالب معہ والدہ، پھر یہ حروف لکھیں۔ ا ب ج د ھ و ز ح ط

پھر یہ آیت لکھیں۔

و لقد علمت الجنۃ انھم لمحضرون

پھر نام تمام کو امتزاج دے کر ان کی تکسیر صدر موٴخر کرے۔ جب زمام نکلے۔ تو پہلوئے راست کے حروف اور پہلوئے چپ کے حروف لے کر ان کو امتزاج دیں اور ان کی تکسیر صدر موٴخر کر کے زمام نکالے۔ پھر اس دوسری تکسیر کے پہلوئے راست اور پہلوئے چپ کے حروف لے کر ان کو امتزاج دے کر ان حروف کی تکسیر صدر موٴخر کر کے زمام نکالیں۔ اب یہ تین تکسیریں ہوں گی۔ ان تینوں تکسیروں کے اعداد نکالیں۔ اور ایک نقش مربع آتشی چال سے پُر کرو۔ اس مربع کے اردگرد گول دائرہ میں تینوں تکسیروں کی ہر سطر کے کلمات مرکب لکھے۔ ہر سطر کو چار چار پانچ حرفی مرکب کر کے اعراب لگا لو۔ یعنی جفت ہو تو چار طاق ہوں۔ تو پانچ حرفی کلمات بنائے۔ اور ایک بڑا فتیلہ آتشی تیار کریں۔ اس طرح ایک نقش بادی ایک نقش آبی، ایک نقش خاکی کا علیحدہ علیحدہ فتیلہ تیار کر لیں۔

۲۔ کمہار جس جگہ برتن بناتے ہیں، جہاں برتن کی پکوائی کرتے ہیں وہاں سے ایک بڑا چراغ جو آگ دیتے وقت ترخ گیا ہو وہ حاصل کریں یا مجبوری میں کوئی بڑا چراغ لے لیں۔ اگر محبوب کا کوئی کپڑا مل جائے بہتر ورنہ فتیلہ کو پاک روئی میں لپیٹ کر شہد اور دیسی گھی کے چراغ میں بعد نماز عشاء محبوب کے گھر کی طرف منہ کر کے روشن کر دیں۔ باقی ہر نقش کو عنصر کے ساتھ کام میں لے آئیں اور ۴۰ عدد کالی مرچ لے کر ہر پر وہی آیت ۴۰ مرتبہ پڑھ

26

کر ۱۱ دن جلائیں۔ یہ عمل بہت جلالی ہے۔ حرام کے لئے مت کریں؟

دافع آسیب و جادو

یا شفا عطر شا

بحق مہتر سلیمان بن داؤد علیہ السلام یالومائیل سلیقون ہا			
۱۱	عمص۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۲۱۳	۱۳
۲	۹	۱۱۳	۳
۱۵	عمص	۵	۱۰

یا شفا عطر شا

اس نقش کی چار بتیاں مریض کے سامنے جلانے سے ہر قسم کا آسیب، جادو ختم ہو جاتا ہے۔

نمازِ رزق

عشاء کے وتر پڑھنے سے قبل ۳۳ مرتبہ درود ملائکہ پڑھیں۔ پھر ۲ رکعت نماز نفل حصول رزق کے واسطے پڑھیں۔ اول رکعت بعد سورۃ فاتحہ ۳۳ مرتبہ سورۃ قریش پڑھیں۔ دوئم رکعت بعد سورۃ فاتحہ ۳۳ مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے۔ بعد سلام ۳۳ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے معہ بسم اللہ شریف ۳۳ مرتبہ ۳۳ دن کا عمل مع آخر میں ۳۳ مرتبہ درود ملائکہ پڑھے پھر دعا مانگیں۔ پھر عشاء کی نماز مکمل کریں۔

حصول روزگار، کاروبار کی ترقی کے لئے بہت مفید ہے۔ حب کے لئے بھی کارآمد ہے۔

طلسمی انگوٹھی

۱۔ سب سے پہلے اپنے نام کو ملفوظی کریں۔

مثال

آصف

27

الف صاد فا

۱۱۱ + ۹۵ + ۸۱

اب ان حروف کے نقطوں کو جمع کیا۔

الف صاد فا

۱۲۲ ۹۵ ۸۲ = میزان ۲۸۹

۲۔ پھر لفظ ترقی، عزت، رزق، مرتبہ، جاہ و حشمت۔

رزق

را زا قاف

۲۰۱ ۸ ۱۸۱

ان ان حروف کے نقطوں کو جمع کیا

را زا قاف

۲۰۱ ۹ ۱۸۴ = میزان ۳۹۴

۳۔ پھر نام والدہ

حوا

حا واؤ الف

۹ ۱۳ ۱۱۱

ان ان حروف کے نقطوں کو جمع کیا۔

حا واؤ الف

۹ ۱۴ ۱۱۲ = میزان ۱۳۵

اب ان میزانوں کو جمع کیا۔ ۸۱۸

اب ان عددوں کے الفاظ بنائیں۔

۸ ۱ ۸

ح ی ض

اب اس کا موکل بنا=

حیضائیل

اب ان الفاظ کو معہ نقطہ ملفوظی کیا۔

حا	یا	ضاد	الف	یا	لام
۹	۱۳	۸۰۶	۱۱۲	۱۳	۷۱

میزان = ۱۰۲۴

اب اس کے الفاظ بنے = د ک غ

اب ان الفاظ کے اسمائے باری ڈھونڈے۔ لفظ تین ہیں۔ دیان کریم غفور

۷۸۶

کریم	دیّان	غفور
غفور	کریم	دیّان
دیّان	غفور	کریم

اب اس نقش کو نگینے کے نیچے رکھ کر انگوٹھی بند کروالو۔ خدا کے حکم سے ۹ دن کے اندر تمہاری مراد بر آئے گی۔
ان ناموں کو اعداد کے مطابق صبح کی نماز کے ساتھ ورد کریں۔

شرفِ شمس وقمر

29

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

ماخ حلقہ

۱۵۱	۱۵۹	۱۵۹	۱۳۹	قوی	۸۹۶	۳۰۷	۳۰۳	۳۰۲
۳۰۶	۱۷۳	۱۶۱	۱۵۲	قائم	۱۱۸	۸۹۸	۳۰۹	۳۰۵
۳۰۷	۳۰۸	۱۶۶	۱۵۴	قدیم	۱۳۳	۱۲۰	۹۰۰	۳۱۱
۳۱۳	۳۰۰	۳۰۱	۱۲۸	قیوم	۱۵۶	۱۲۶	۱۴۴	۹۰۲
۸۹۵	۳۰۶	۳۰۲	۳۰۳	قدوس	۱۵۸	۱۵۸	۱۳۸	معیر
معیر	۸۹۷	۳۰۸	۳۰۲	قادر	۱۷۲	۱۶۰	۱۶۰	۱۳۱
۱۳۳	۱۱۹	۸۹۱	۳۱۰	قہار	۳۰۷	۱۷۳	۱۵۲	۱۵۳
۱۵۵	۱۳۵	۱۳۱	۹۰۱	قریب	۳۰۸	۳۰۰	۱۶۷	۱۵۵
۱۵۷	۱۵۷	۱۳۷	۱۲۳	قابض	۳۰۵	۳۷۱	معیر	۱۶۹

نوم

اس نقش کو پاس رکھنے والا جادو، آسیب، نظر بد، کمی رزق، دشمن کی دشمنی، ذلت سے محفوظ رہتا ہے۔ کوئی چیز گم نہیں ہوتی۔ دشمن پر رعب وجلال رہتا ہے۔ مقدمہ میں فتح نصیب ہوتی ہے۔ ہاتھ سے جائیداد نہیں نکلتی۔ آدمی اللہ کی پناہ میں رہتا ہے۔ ایک خاص جلال ورعب آدمی کی شخصیت میں ہوتا۔ کوئی بدگو اس کے خلاف بول نہیں سکتا۔ اس کے اثر سے شیر کانپتے ہیں۔ اس نقش کو تالیف القلوب کہتے ہیں اور یہ ہرن کی جھلی پر لکھا جاتا ہے۔ اور بخور صندل سرخ کا دیا جاتا ہے۔ اس کو پہننے سے پہلے صدقہ ضرور دیں۔ کسی سرخ چیز کا۔ اس نقش کو کامل ہی لکھیں۔

دافع ظالم

۱۱ دن کا عمل ہے

رت منہ جل جلال پکڑ چوٹی ہان پچھاڑ چڑھیا خنک آدھی رات یا جبار یا قہار۔

ترکیب

قبرستان یا ویران جگہ پر آگ جلا کر چالیس عدد مرچ سیاہ پر چالیس مرتبہ پڑھ کر جلا دیں۔ گیارہ دن کا عمل

ہے۔ اس میں دشمن دشمنی ترک کر دے گا۔ اکیس دن پڑھنے سے دشمن سخت بیمار ہوگا۔ اکتالیس دن پڑھنے سے
ہلاک ہوگا۔ جس کا بار عمل کرنے والے پر ہوگا۔

ابجد مُلوک عددی؟

الف	با	جیم	دال
۱۲۴	۶۱۴	۱۰۸۹	۳۱۳
ھا	واؤ	زا	حا
۷۱۱	۴۷۸	۱۳۵	۶۱۵
طا	یا	کاف	لام
۵۳۵	۵۸۶	۷۳۱	۱۱۶۲
میم	نون	سین	عین
۴۲۲	۸۶۶	۶۴۰	۳۲۲
فا	صاد	قاف	را
۷۳۲	۶۸۵	۶۳۷	۷۰۲
شین	تا	ثا	خا
۱۸۵۴	۱۱۳۵	۱۶۶۴	۱۵۲۴
ذال	ضاد	ظا	غین
۱۳۴۴	۱۸۶۷	۱۸۹۴	۱۱۷۱

نوٹ

ابجد مُلوک عددی = ابجد ملفوظی + ابجد عربی عددی کے باہم اشتراک سے بنتی ہے اور تمام ابجدات کی بادشاہ کہلاتی ہے۔ پرانے زمانے کے ماہرین جفر اسے طلسمات میں استعمال کرتے تھے۔ اس کا اثر قمری و شمسی ابجدات سے پہلے ظہور میں آتا ہے کیونکہ اس میں الفاظ کی ادائیگی بھی بھرپور طریقے سے واضح ہے اور جس زبان سے تعویذ تدبیر کیا جاتا ہے اسی زبان کے اعداد بھی مکمل ہیں۔ باقی کامل نام اللہ سبحانہ کا ہے۔ جب کے

اعمال میں یہ ابجد تیر بہدف ہے۔

مثال

طالب؟ رک کے اعداد = ر کے اعداد ۷۰۲
کاف کے اعداد ۷۳۱
۱۴۳۳

مطلوب؟ رفد کے اعداد = ر کے اعداد ۷۰۲
فا کے اعداد ۷۳۲
دال کے اعداد ۳۱۳
۱۷۴۷

کشف الارواح

اوّل درود تاج ۱۳ مرتبہ پڑھے پھر

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم

یا عالم الخفیّات الامور یامن ھو علےٰ کلّ شی قدیر. اطّلعنی علےٰ ما ارید انک علےٰ کلّ شی قدیر الرّوح (سلیمان بن داوٗد) یعنی جس روح کو بلانا ہو اس روح کا نام لکھو بحرمت یا محمدؐ و بحق یا علی یا علی یاعلی ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں۔

آخر میں درود تاج ۱۳ مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، تین مرتبہ سورۂ تکاثر پڑھے۔ کمزور دل حضرات یہ عمل ہرگز نہ کریں اور نہ پرہیز جلالی و جمالی کے بغیر یہ عمل کریں۔ بہتر ہوگا یہ عمل جس روح کو بلانا ہو اسی کی قبر پر کیا جائے۔ کامل مرشد کے بغیر یہ کیا کوئی بھی کشف قبور کا عمل نہ کیا جائے۔ کیونکہ اس میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس عمل میں کا بخور عنبر، مشک، زعفران، صندل، کافور وغیرہ کا جلاؤ۔ یہ عمل حضرت سلیمان کی روح مقدس کا ہے۔

عملِ محبت

٢١ دن زکوٰۃ

الف اللہ الف کردے۔ قل ھو اللہ احد فلاں بن فلاں کو حاضر کردے۔ یا اللہ

32

گیارہ سو گیارہ مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی ۲۱ دن۔

حصولِ رشتہ

اجھزط

۸۵۱	۸۵۶	۸۴۹
۸۵۰	۸۵۲	۸۵۴
۸۵۵	۸۴۸	۸۵۳

بستم عقل وہوش و بطن احساس ظاہری و باطنی (مخالف بن مادر) فی غرض وحق (طالب معہ مادر)

اس نقش کو ساعت آفتاب نیلے رنگ کے کاغذ پر لکھو اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے مردہ کے مسان کے ہمراہ اس گھر کے اندر ڈال دو۔ دوسرا نقش قبر کے سرہانے گہرائی میں دفن کر دو۔ تیسرا نقش عرق گلاب، کیوڑہ، بید مشک میں حل کر کے جن افراد کی تسخیر کے لئے عمل کیا ہے ان پر چھڑک دو یا انہیں پلا دو۔ تمہارے خلاف رائے افراد کچھ نہ کر سکیں گے۔ انشاء اللہ مقصد حل ہو جائے گا۔

چال مثلّث

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

اگر اس نقش میں جن افراد کی تسخیر مطلوب ہے ان افراد کے نام معہ مادر اور مطلوب کے نام معہ مادر کے اعداد جمع کر کے نقش بھرے تو نیچے کا عمل لکھتے وقت ان افراد کے نام معہ والدہ لکھ کر نقش کر کے اردگرد عمل پورا کیا جائے۔

عمل نماز پنجگانہ

۱۔ نمازِ فجر

صبح کی نماز پڑھنے سے قبل ایک تسبیح پڑھے۔

سبحان اللّٰہ و بحمدہٖ سبحان اللّٰہ العظیم و بحمدہٖ استغفر اللّٰہ۔

پھر صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فاتحہ کو بسم اللہ کی آخری میم سے ملا کر ۴۱ مرتبہ پڑھیں پھر فرض پڑھیں۔

آخر میں سورۂ قریش ایک سو گیارہ مرتبہ اوّل آخر درود ابراہیمی پڑھے۔ گیارہ، گیارہ مرتبہ۔

ان اعمال کی بدولت کبھی رزق کی کمی نہ دیکھے گا، نہ کسی کا محتاج ہوگا۔

۲۔ نمازِ ظہر

نمازِ ظہر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فتح پڑھیں۔ ایک مرتبہ پھر نماز مکمل کریں اور دو رکعت نماز قضائے حاجت پڑھے۔ اوّل رکعت فاتحہ شریف کے بعد سورۂ نمل کی آیت میں بعد فاتحہ یہی آیت ۳۰ مرتبہ پڑھیں۔ مقدمہ میں کامیابی ہو، جس طرف کا رُخ ہو اس طرف فتح نصیب ہو۔

۳۔ نمازِ عصر

نمازِ عصر کے بعد سورۂ مزمل ۳ مرتبہ، سورۂ النبا ایک مرتبہ پڑھیں۔ نہ بینائی کم ہو نہ حاسد کچھ بگاڑ سکیں۔

۴۔ نمازِ مغرب

نمازِ مغرب کے بعد سورۂ واقعہ ایک مرتبہ، سورۂ عبس ایک مرتبہ پڑھنے سے نہ رزق کم ہو نہ کسی جادوگر کا جادو کارگر ثابت ہو سکے۔

۵۔ نمازِ عشاء

نمازِ عشاء کے بعد سورۂ ملک پڑھنے سے عذاب قبر سے نجات ہو اور سورۂ السجدہ پڑھے۔

نوٹ

نمازوں کی سنتوں میں اوّل رکعت بعد سورۂ فاتحہ سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ دوئم رکعت بعد سورۂ فاتحہ سورۂ فیل پڑھیں۔

34

عمل نماز پنجگانہ

بعد نماز عشاء اوّل درود تاج ۷ مرتبہ پڑھیں۔ پھر سورۂ یٰسین مبین درمبین ۷ مرتبہ پڑھیں۔ پھر درود تاج ۷ مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل عشاء کے وتر پڑھنے سے قبل پڑھیں۔ پرہیز جلالی و جمالی کے ہمراہ اکتالیس دن تو چندی جمعرات سے عمل شروع کریں۔ بعد عمل عامل کو کوئی حاجت پیش آئے تو سجدے میں سر رکھ کر یہ عمل پڑھنا شروع کرے۔ سر سجدے سے نہیں اُٹھے گا کہ حاجت پوری ہوگی۔ عمل کے دوران ایسے ایسے اسرار و عجائبات ظہور میں آئیں گے کہ عامل حیران رہ جائے گا۔ حُبّ کے لئے گیارہ دن کا عمل ہے۔

زیارتِ سرورِ انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عزمت علیکم یا بادشاہ محمّد رسول اللّٰہ ملک الحبش والعرب والعجم الوحا الوحا الوحا ابوک ابوک طھرک طھرک جبرک جبرک جبرک ازلّ ازلّ ازلّ تحریر تحریر تحریر اتازل تملوک برحمتک یا ارحم الرّحمین بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق یا ودود یا ودود یا ودود حاضر شو. حاضر شو. حاصر شو بحق لا الہ الا اللّٰہ محمّد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بحق توریت حضرت موسی علیہ السلام و بحق ابوا حضرت داؤد علیہ السلام و بحق انجیل حضرت عیسی علیہ السلام و بحق قرآن حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم.

عمل نماز پنجگانہ کے ہمراہ سورۂ یٰسین کے بعد ۱۴ مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل پنجگانہ اس کمرے میں کریں جہاں پر ۱۴ دن کوئی بھی داخل نہ ہو۔ کمرے میں خوشبو روشن کریں، عطر جلائیں۔ سفید رنگ کے چاول ایک سیر، چینی ایک سیر رکھیں۔ ڈھانپ کر روزانہ پھول گلاب کے رکھیں۔ کمرے میں کوئی تصویر نہ ہونہ بلب روشن کریں۔ موم بتی جلا سکتے ہیں۔ عمل کا اظہار کسی سے نہ کریں۔

عمل ملازمت

خداوندا بمقصودم روزی رساں زود
بحق حضرت معروف کرخی

35

ی ا ع ز ی ز

یا شلمکفیا
یا شمکیفا

۲۵۱	۲۵۶	۲۴۹
۲۵۰	۲۵۲	۲۵۴
۲۵۵	۲۴۸	۲۵۳

واللہ یرزق من یشآء بغیر حساب

اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر عمل کو ایک تسبیح پڑھ کر دم کر دیں۔ روز ایک تسبیح پڑھیں۔ اس تعویذ کو شرف قمر میں لکھیں۔

عملِ دستِ غیب

اللہ میرا ول غنی = میں لڑ پھڑیا حضرت علی
صدق پنجتن پاک دا = دولت نعمت آوے چلی

اس عمل کو حصار کر کے دریا کے کنارے ۱۲۰ دن کے جانا ہے۔ تعداد پڑھائی روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ ہے۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ہزارہ عمل کو با پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ کرنا شرط ہے۔ عامل کو چاہئے دل مضبوط رکھے۔ جو کچھ ہو گا حصار سے باہر ہو گا۔ تین چلوں سے پہلے کلام نہ کریں ورنہ نقصان کا ذمہ دار عمل کرنے والا خود ہو گا۔ عمل کا اظہار کسی سے نہ کریں۔ بغیر کامل پیر یہ عمل نہ کریں۔ اسرار غیب سے ہے۔

چہل کاف

چہل کاف سے مراد چالیس کاف کا مجرب وظیفہ ہے۔ حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کی طرف منسوب ہے۔ کاملین طریقت میں چہل کاف و قصیدہ غوثیہ کا وظیفہ بہت معروف ہے۔ اسے حل المشکلات میں بڑا اکسیر تصور کیا جاتا ہے اور اس کے فوائد بے پناہ ہیں مگر جس نے ان تینوں کی زکوٰۃ صغیر یا کبیر ادا کی ہوں اوّل نوچندی جمعرات سے روزہ رکھیں۔ جلالی و جمالی پرہیز کریں۔ صبح فجر کی نماز کے بعد بکنارہ دریا یا نہر جا کر اوّل درود غوثیہ گیارہ مرتبہ پڑھے بعد ازاں ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ پھر مندرجہ ذیل "چہل

36

کاف'' گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

چہل کاف

تیرے پروردگار نے تیری بہت کفایت کی، بہت سی مصیبتوں سے ان مصیبتوں سے ایسے حفاظت کی جیسے کہ کمین گاہ میں لشکر سے کوئی بچ جائے۔ یہ مصیبت مشابہ ہے ایسی جماعت سے جو ہتھیار سے مسلّحہ ہو یا نیزہ بردار ہو جیسے کہ مضبوط جوان گوشت سے بھرا ہوا اونٹ۔ پروردگار کفایت کرے اس چیز کی جو میرے ساتھ ہے۔ میرے علم کے مطابق تمام رنج اور مصیبتوں سے اے ستارے تو ثبات اور بقا و روشنی میں آسمانی ستارے کی طرح ہے۔

پھر گیارہ مرتبہ درود شریف غوثیہ پڑھے اور گیارہ دن تک عمل کرے۔ زکوٰۃ صغیر ادا ہو گی۔ زکوٰۃ کبیر ان اسماء کا سوا لاکھ مرتبہ ورد ہے۔ قصیدہ غوثیہ کی زکوٰۃ صغیر بھی اس طرح ہے۔ لیکن اُن کو گیارہ مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ زکوٰۃ کبیر سوا لاکھ مرتبہ ختم ہے۔ اگر کسی کو آسیب، جن، دیو، خبیث، ہمزاد ایذا دے تو سرسوں کے تیل پر دم کر کے اس کے کانوں میں تیل ڈال کر کان انگلیوں سے بند کر دیں، ہر چیز جل جائے گی۔ جادو کے لئے سات مساجد کے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے سات دن پلائے صحت ہو گی۔

آیت کریمہ

یا حیّ یا قیوم بحق لا الٰہ الّا انت سبحانک انّی کنت من الظّالمین بحرمۃ یا یونس٥

نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء چلتے پانی میں کھڑے ہو کر حصار باندھیں پھر روز تیرہ دن (۹۰۰۰) ۹ ہزار مرتبہ پڑھیں اور چودھویں دن آٹھ ہزار مرتبہ پڑھیں زکوٰۃ مکمل ہو جائے گی۔ پرہیز جلالی و جمالی کے ہمراہ، پھر روز ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ مداومت عمل کے ساتھ ہر حاجت کے لئے اکسیری عمل ہے۔

تسخیرِ مستورات

الٰہی بحرمت

لقد جآءکم رسول مّن انفسکم عزیز علیہ ما عنتّم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رّحیم بحق

زیّن للنّاس حبّ الشّھوٰت من النّسآء و البنین والقناطیر المقنطرۃ من الذّھب و الفضّۃ والخیل المسوّمۃ والانعام والحرث ذٰلک متاع الحیوٰۃ الدّنیاؕ واللّٰہ عندہ حسن المآب٥

37

ان دو آیات کے اعداد قمری نکالیں۔

پھر اس میں طالب معہ والدہ معہ لفظ رک کے اعداد جمع کریں۔ پھر برائے تسخیر مستورات معہ والدہ کے خوا معہ لفظ رفد کے اعداد جمع کریں = اور اس کا ۹×۹ کا تالیف القلوب پچھلے نقش کی چال کے مطابق نقش ہرن کی جھلی پہ تیار کریں۔ بخور اس کو صندل سرخ کا دیں۔ پھر اس نقش کے اردگرد یونانی حروف لکھیں۔

دعل دہش سفر عسی بدھرہ سطع اول مہائی عزخم دیچ بریچ محو ایا حافظ لکھ دیں۔ شرف قمر میں لکھیں۔ پھر اسے سورۂ والفجر میں ۹ دن رکھیں اور ایک ورد رکھیں۔ ہر مستورات مسخر ہوگی۔ اس نقش کے فضائل بے شمار ہیں۔ اس عمل کو بغیر نام طالب کے لکھیں گے تو ہر حاجتمند کو دیا جا سکتا ہے۔

اطاعتِ خلق

اگر آپ چاہتے ہیں کہ خلق پر حکمرانی کی جائے۔ آپ کے کہے ہر لفظ پر حکمران وقت بھی اتفاق کرے۔ آپ کے فیصلے کو اہمیت دی جائے تو اس آیت مبارکہ کا نقش مثلث شرف قمر میں تیار کیا جائے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

والقمر قدّرناہ منازل حتّٰی عاد کا العرجون القدیمo

۲۸۶

اس نقش کو چاندی کی لوح پر کندہ کریں اور اسے بخور کافور اور صندل سفید کا دیں اور شرف قمر میں لکھیں۔ نقش کے اردگرد طلسم کو اس طرح لکھا جائے۔ آیت کو اعداد قمری کے مطابق پڑھ کر لوح کو دم کر دیا جائے۔ ایسی برکت

38

ہوگی کہ خلقت رشک کرے گی۔

دشمن کے سر پر جوتے لگیں

۱۔

الٹ۔منٹ۔ ذوالجلال۔ مار جوتی دھڑ بجھاڑ یا بابا شاہ مدار یا قاھر ذا البطش الشدید
انت الذی لا یطاق انتقامہ۔

اس عزیمت کو دشمن کی تصویر سامنے رکھ کر ایک ہزار بار پڑھے۔ ہر تسبیح پر دشمن کو دس جوتے ماریں۔ گیارہ
دن کا عمل ہے۔ پہلے اس کا چلہ نکالیں۔ ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھیں لیکن پہلے دن ایک ہزار چھ سے چودن مرتبہ
پڑھے۔ ۱۳ دن کا عمل ہے۔ یہ زکوۃ صغیر ہے۔

۲۔ عداوت کے لئے

